UD-06

June - Examination 2026
B. A. (Part-III) Examination
URDU
Urdu Shairi (Qaseeda, Jadeed Ghazal Aur Nazm)
Paper : UD-06

[*Time: **3** Hours*] [*Maximum Marks: **70***]

ہدایت:۔ اس پرچے کو تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔'الف' ، 'ب' اور 'ج'۔ہر حصّے کے سامنے مقرر نمبر درج ہیں۔

7×2=14

(حصّہ - الف)

ہدایت:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف سات(7)سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ تیس(30)الفاظ میں تحریر کیجئے۔ہر سوال کے لئے دو(2)نمبر مقرر ہیں۔

سوال 1 (i) مضمون کے اعتبار سے قصیدے کی کوئی دو قسمیں بتایئے۔

(ii) کس شاعر کو اردو قصیدہ نگاری کا امام تسلیم کیا جاتا ہے؟

(iii) بستانِ لکھنؤ کے دو اہم شعرا کے نام لکھیے۔

(iv) شاد عظیم آبادی کی کوئی ایک شاعرانہ خصوصیات لکھیے۔

(v) "کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں" یہ غزل اقبالؔ کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(vi) فانیؔ کے کسی ایک شعری مجموعے کا نام لکھیے۔

(vii) فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(viii) یہ سب دھیرے دھیرے بجھ گئی سینے میں جتنی آگ تھی۔اب اے چراغ آگہی زندہ رہے شعلہ ترا۔یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(ix) اقبالؔ کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(x) نظم "ایک لڑکا" میں شاعر نے اپنی کس کش مکش کا اظہار کیا ہے؟

7×4=28

(حصّہ - ب)

ہدایت:۔ درج ذیل میں سے کل چار(4)سوالات کے جوابات دیجئے ہر سوال کے لیے زیادہ سے زیادہ دو سو(200)الفاظ متعین ہیں۔ہر سوال کے لئے سات(7)نمبر مقرر ہیں۔

سوال 2 قصیدے کی ہیئت پر اظہار خیال کیجئے۔

سوال 3 اردو میں قصیدے کی تاریخ بیان کیجئے۔

سوال 4 دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات لکھیے۔

سوال 5 جدید غزل کے پس منظر کو واضح کیجئے۔

سوال 6 فانیؔ کے حالاتِ زندگی بیان کیجئے۔

سوال 7 فیضؔ کا اپنے ہم عصر شعرا سے موازنہ کیجئے۔

سوال 8 نظم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ہیئتوں کا جائزہ لیجئے۔

سوال 9 نظم 'ایک لڑکا' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

2×14=28

(حصّہ - ج)

ہدایت:۔ درج ذیل میں سے کل دو(2)سوالات کے جوابات دیجئے۔ہر سوال کے لئے زیادہ سے زیادہ پانچ سو(500)الفاظ متعین ہیں۔ہر سوال کے لئے چودہ(14)نمبر مقرر ہیں۔

سوال 10 سوداؔ کی قصیدہ نگاری کے امتیازات بیان کیجئے۔

سوال 11 دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنؤ کا موازنہ کیجئے۔

سوال 12 اقبالؔ کی نظم نگاری کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال 13 مجازؔ کی نظم "آوارہ" پر تبصرہ کیجئے۔
